ان سب چیزوں کی تاریخ اور داستان بھی۔ اس طرح یہ کتاب کالجوں اور اسکولوں میں بھی پڑھائی جا سکتی ہے اور منبر پر سُنی بھی جا سکتی ہے۔ ترجمہ شگفتہ و رواں۔ یہاں تک کہ ترجمہ ترجمہ نہیں معلوم ہوتا۔ اصل کا دھوکا ہوتا ہے۔ انگریزی خواں حضرات کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

Wives of the Prophet ۔ ازجناب فدا حسین ملک تقطیع خورد۔ ضخامت ۱۴۱ صفحات ٹائپ بہتر قیمت مجلد پانچ روپیہ۔ پتہ: ۔ شیخ محمد اشرف۔ کشمیری بازار۔ لاہور۔

اگرچہ کتاب کا نام "ازواج مطہرات" ہے لیکن یہ صرف کتاب کا باب ہفتم ہے جو ایک سو دس صفحات پر مشتمل ہے اور جس میں امہات المومنین کے حالات و سوانح بیان کئے گئے ہیں اور حضورؐ نے ان سے جن وجوہ سے نکاح کیا ہے اُن کو بھی ساتھ ساتھ بتاتے گئے ہیں تاکہ اُن لوگوں کا منہ بند ہو جو کثرتِ ازواج کی بنا پر حضورؐ کی شان میں دریدہ دہنی کرتے ہیں۔ شروع کے چھ ابواب میں لائق مصنف نے اسلام میں عورتوں کا مرتبہ اور اُن کے حقوق سے جن میں تعلیم، وراثت، نکاح کی آزادی اور ملکیت وغیرہ کے حقوق شامل ہیں، دوسرے مذاہب کی تعلیمات کے ساتھ مقابلہ کر کے بیان کئے ہیں، اردو میں تو اس موضوع پر متعدد کتابیں اچھی اچھی موجود ہیں۔ مگر انگریزی میں اس موضوع پر کوئی کامل کتاب نہ تھی۔ اب اس کتاب سے عورتوں کے حقوق اور اُن کے بعض مسائل و معاملات کے متعلق اسلام کی صحیح تعلیمات انگریزی میں یکجا ہوگئیں اور بڑی بات یہ ہے کہ تعددِ ازدواج، تعلیم اور پردہ وغیرہ مسائل کے بارے میں مصنف کا نقطۂ نظر مغرب پرستانہ نہیں ہے۔

غیر ملکی ممبران ندوۃ المصنفین اور خریدارانِ برہان سے ضروری گذارش

پاکستان اور دیگر ممالک کے ممبران ادارہ کی خدمت میں پرو فارما بل ارسال کئے جا رہے ہیں اُمید ہے فوری توجہ فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

نیازمند

(منیجر رسالہ بُرہان)